© rasailojaraid.com



کے مطابق تاریخی شواہد بھی جمع کیے ہیں۔علاوہ ازیں ان کی طرف سے امام ابوحنیفہؒ کے سیاسی مسلک کی وضاحت اس لیے ضروری سمجھی گئی کہ جتنے بھی اسلامی افکار کے داعی گروہ ہیں وہ بدوں اختلاف اسی کتاب سے بہرہ مند ہوسکیں۔

● کتاب:''روئے زیبا کی تابانیاں'' مؤلف:مولانا عبدالقیوم حقانی

ضخامت:۱۵۶صفحات قیمت:۹۹روپے ناشر:القاسم اکیڈمی جامعہ ابوہریرہؓ،خالق آباد،نوشہرہ

اس کتاب میں مؤلف نے رسول پاک ﷺ کے وہ معمولات جمع کر دیے ہیں جن کا تعلق آپ کے لباس، بال، سر کی مانگ، غسل، ریش مبارک اور دوسرے مسنون شمائل وخصائل حمیدہ سے ہے۔اس میں شمائل ترمذی کی ان اڑتالیس احادیث کی تشریح وتوضیح پیش کی گئی ہے جن میں آپ کے ان معمولات کا ذکر ہے۔خوبصورت جلد اور رنگین ٹائٹل نے کتاب کی جاذبیت میں اور اضافہ کر دیا ہے۔

● کتاب:''کشف وکرامتِ صوفیہ'' مؤلف:اقرار حسین شیخ

صفحات:۱۴۲ قیمت:۸۰روپے ناشر:دارالکتاب،کتاب مارکیٹ،غزنی سٹریٹ اردو بازار،لاہور

اللہ کے حکم سے اگر کسی نبی کے ہاتھ سے کوئی خلافِ معمول بات سرزد ہو اسے معجزہ کہتے ہیں۔اگر کسی نیک آدمی کے ہاتھ سے ایسی بات سرزد ہو اسے کرامت۔اور اگر کسی کافر کے ہاتھ سے سرزد ہو تو اسے استدراک کہتے ہیں۔زیر تبصرہ کتاب میں صوفیائے کرام کی کشف وکرامات کا انتخاب پیش کیا گیا ہے اور کتاب کے آخر میں ان تمام کتب کی فہرست بھی دے دی ہے جن سے یہ واقعات اخذ کیے گئے ہیں۔بہتر ہوتا اگر مؤلف تحقیق کے بعد صرف ثقہ واقعات کا ہی چناؤ کرتے۔بہت سی باتیں ایسی ہیں جو رطب ویابس کے ضمن میں آتی ہیں۔(تبصرہ:ابوالادیب)




© rasailojaraid.com